دوران وضو ریح خارج ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-12290

تاریخ اجراء: 14 ذوالحجۃ الحرام 1443ھ/14 جولائی 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر وضو کے دوران اندرونی گیس یعنی ریح نکل جائے، تو کیا اس صورت میں اس شخص کا وضو ٹوٹ جائے گا؟ اور اسے نئے سرے سے وضو کرنا ہو گا؟؟ رہنمائی فرمائیں۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

درمیانِ وضو اگر وضو توڑنے والی کوئی چیز پائی جائے تو اس صورت میں نئے سرے سے وضو کرنا ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ پہلے دھلے ہوئے اعضاء بے دھلے ہو گئے ان اعضاء کی طہارت باطل ہو گئی۔ **لہذا صورتِ مسئولہ میں بھی دورانِ وضو ریح نکل جانے سے اس شخص کے وہ دھلے ہوئے اعضاء بے دھلے ہو گئے جس کی وجہ سے نئے سرے سے اعضائے وضو دھوئے۔**

درِ مختار میں ہے: "وشرط صحتہا صدور الطہر من اہلہ فی محلہ مع فقد مانعہ "یعنی طہارت درست ہونے کی شرط یہ ہے کہ وہ طہارت اس کے اہل سے اپنی جگہ پر واقع ہوئی ہو اور کوئی مانع طہارت چیز بھی نہ پائی گئی ہو۔

مذکورہ بالا عبارت کے تحت رد المحتار میں ہے: "(مع فقد مانعہ) **بان لا یحصل ناقض فی خلال الطہارۃ** لغیر معذور بہ "یعنی عبارتِ شرح "کوئی مانع طہارت چیز بھی نہ پائی گئی ہو" اس طرح کہ طہارت کے درمیان اس طہارت کو ختم کرنے والی کوئی چیز نہ پائی گئی ہو، یہ اس کے لیے ہے جو اس حدث کے عذر میں مبتلا نہ ہو۔ (رد المحتار مع الدر المختار، کتاب الطہارۃ، ج 01، ص 203، مطبوعہ کوئٹہ)

سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ سے سوال ہوا کہ **"اگر درمیان وضو کرنے کے ریح خارج ہو جائے یعنی دو عضو یا تین** عضو دھو لیے ہیں اور ایک یا دو باقی ہیں **تو اس شخص کو از سرِ نو وضو کرنا چاہیے یا جو عضو باقی رہا ہے صرف اسی کو دھو لینا**

کافی ہے بینواتوجروا؟"آپ علیہ الرحمہ اس کے جواب میں فرماتے ہیں: **"ازسرِنووضوکرے اتنے اعضاء کاغسل باطل ہوگیا۔**"(فتاوی رضویہ،ج01(الف)،ص337،رضافاؤنڈیشن،لاہور)

بہارِ شریعت میں ہے: **"درمیانِ وُضومیں اگرریح خارِج ہویا** کوئی ایسی بات ہو جس سے وُضو جاتا ہے **تونئے سرے سے پھر وُضوکرے وہ پہلے دُھلے ہوئے بے دُھلے ہوگئے۔**"(بہارِ شریعت،ج01،ص310،مکتبۃالمدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net